دفتر صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب 10۔کورٹ سٹریٹ،لاہور

ٹینڈر: انتخابی ریکارڈ برائے جنرل الیکشن/ضمنی الیکشن،کنٹونمنٹ بورڈ الیکشن،لوکل گورنمنٹ الیکشن (ردی کاغذ) کی فروخت

پنجاب کے تمام ڈویژن/ڈسٹرکٹ میں موجود انتخابی ریکارڈ برائے جنرل الیکشن/ضمنی الیکشن،کنٹونمنٹ بورڈ الیکشن،لوکل گورنمنٹ الیکشن کے بیگ (تھیلے) سیل بند ہیں،جن میں ردی کاغذ کی فروخت کیلئے معروف پلپ بنانے والی فرمز یا جن کا اشتراک انکے ساتھ ہو اور جو کہ کلکٹریٹ آف سیلز ٹیکس اینڈ فیڈرل ایکسائز میں رجسٹرڈ ہوں سے EPADS پر SINGLE STAGE ONE ENVELOPE METHOD کی بنیاد پر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ٹینڈر جمع کرانے کی آخری تاریخ 18 جون 2026ء (بروز جمعرات) صبح 11:00 تک ہے۔اور موصول شدہ ٹینڈر اسی دن 11:30 بجے فرموں کے نمائندوں کی موجودگی میں EPADS پر online کھولے جائیں گے۔

شرائط:

1۔ مجاز فرم اشٹام پر تحریری حلف نامہ داخل کرے گی کہ کاغذ کو مل میں صرف پلپ (Pulp) کے لیے استعمال کیا جائیگا اور اسکی بازار میں عام فروخت نہیں کی جائیگی۔

2۔ متعلقہ نیلامی/ٹینڈر میں فرمز PPRA کے EPADS کے ذریعے ہی حصہ لے سکیں گی اور اسکے علاوہ کوئی ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

3۔ پولنگ ریکارڈ/ردی کاغذ کا وزن ممکنہ طور پر کم وبیش 321520 کلوگرام ہے۔

4۔ نیلامی میں حصہ لینے والی فرموں کے لیے پولنگ ریکارڈ/ردی کاغذ کی کم از کم قیمت (Reserve Price) -/65 روپے فی کلوگرام مقرر کی گئی ہے۔ Reserve Price کی کُل رقم -/Rs.20,898,800 ہے۔

5۔ بولی میں حصہ لینے والی فرمز کو Reserve Price کا 10% مبلغ 2,089,880 روپے بطور زرضمانت (Bid Security) بصورت (Call Deposit Receipt) بحق صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب،لاہور ٹینڈر کے ساتھ منسلک کرنا ہوگا۔

6۔ مجاز فرم ردی کاغذ فی کلوگرام ریٹ بغیر ٹیکسز درج کرے گی۔تمام رائج الوقت ٹیکسز،کل رقم (سیل پروسیڈز) پر علیحدہ سے سامان اٹھاتے وقت وصول کیے جائیں گے۔

7۔ فرم کو سیلز ٹیکس/انکم ٹیکس اور اس کے علاوہ گورنمنٹ کے لاگو شدہ ٹیکس ادا کرنے ہوں گے۔

8۔ نیلامی میں کامیاب بولی دہندہ 7 یوم میں اشٹام پیپر (مبلغ -/5000 روپے) پر رضامندی دینے کا پابند ہوگا اور نیلامی کمیٹی اس کی پلپ بنانے والی فیکٹری/مل کا معائنہ کرے گی اور وہ الیکشن کمیشن کے دفاتر سے سامان اُٹھانے کا شیڈول دینے کا بھی پابند ہوگا۔

9۔ ریٹس/ٹینڈر منظور ہونے کی صورت میں مجاز فرم کو 10% زرضمانت کے علاوہ مبلغ 20 لاکھ روپے مزید بطور (Perrfomance Guarantee) بصورت CDR جمع کروانا ہونگے اور 3 مہینے کے اندر پنجاب کی تمام ڈویژن/اضلاع سے ردی کاغذ جہاں ہے،جیسا ہے کی بنیاد پر اٹھانے کی پابند ہوگا۔ناگہانی حالات کی صورت میں مقررہ وقت کو تین ماہ تک بڑھایا جاسکتا ہے۔مزید یہ کہ صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب کو یہ حق/اختیار حاصل ہے کہ وہ مجاز فرم کی کارکردگی کا جائزہ لے اور پہلے ایک ماہ میں سامان نہ اُٹھانے یا کام کی رفتار سست ہونے کی صورت میں ٹینڈر منسوخ کردے،سیکیورٹی کی رقم ضبط کرے اور مجاز فرم کے خلاف قانونی کاروائی کرے۔

10۔ مجاز فرم اپنے انتظام پر تمام اضلاع سے سامان اٹھائے گی۔فرم اضلاع سے ردی کاغذ اٹھاتے وقت سامان میں سے ناقابلِ فروخت اشیاء (مہریں،پولنگ بیگ اور سٹیشنری) کو الگ کرنے میں معاونت/لیبر فراہم کرے گی۔

11۔ ردی کاغذ کی فروخت سے حاصل شدہ رقم متعلقہ REC/DEC/DDO کو نقدی کی صورت میں جمع کروائی جائے گی مزید براں چیک اور پے آرڈر کسی صورت قابلِ قبول نہیں ہوں گے۔علاوہ ازیں کمپنی/فرم کو اسی صورت میں ردی کاغذ اُٹھانے کی اجازت دی جائے گی جب وہ فروخت کی رقم کے مطابق تمام قابلِ اطلاق ٹیکسز FBR کے پروفارما پر متعلقہ REC/DEC/DDO کے پاس الگ سے جمع کروائے گی۔

12۔ ان فرموں / ملوں کے نمائندوں کو بلیک لسٹ کر دیا جائے گا جو دوسری فرموں کے نمائندوں کو کم ریٹ دینے یا ٹینڈر میں حصہ نہ لینے کی ترغیب دیتے ہوئے پائے گئے۔

13۔ ٹینڈر منظور ہونے کی مقررہ مدت کے اندر سامان نہ اٹھانے کی صورت میں یا کنٹریکٹ کی دوسری شرائط کی خلاف ورزی کرنے والی فرموں کی زرضمانت بحق سرکار ضبط کرلی جائے گی اور مبلغ 20 لاکھ روپے تک جرمانہ بھی عائد کیا جاسکتا ہے۔

14۔ صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب/مجاز اتھارٹی ٹینڈرز کے ذریعے موصول ہونے والے ریٹس کو مروجہ قوانین کے مطابق منظور یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

S. Shahid 21/5/26

(سید شاہد عباس)

ڈپٹی ڈائریکٹر (انتظامیہ)

پنجاب،لاہور

فون نمبر: 042-99211025